سوال

(759) کیا حق فلاں یا حرمتہ فلاں کے ساتھ دعا کرنا جائز ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حق فلاں یا حرمتہ فلاں کے ساتھ دعا کرنا جائز ہے ؟ اگر کوئی کہے یا اللہ! مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل معاف فرما۔ اپنے اس پیارے نبی یا ولی یا فلاں بزرگ کے صدقہ میں میری دعا قبول فرما کر میری حاجت پوری کر دے کیا اس طرح کہنا شرک ہے ؟ (محمد یونس شاکر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

:...ان الفاظ کے ساتھ دعاء کتاب وسنت سے ثابت نہیں۔ ایسی دعاء کے شرک ہونے یا نہ ہونے میں تفصیل ہے ، بعض صورتوں میں شرک ہے اور بعض صورتوں میں شرک نہیں ، ان صورتوں کی تعیین ان الفاظ کے ساتھ دعاء کرنے کا عقیدہ اس کی اپنی زبان سے سن کر ہی کی جا سکتی ہے ورنہ نہیں۔ ۲۴/۱۲/۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص749

محدث فتویٰ